آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر
سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ
(شعبہ اکاؤنٹس)

عنوان:۔ **ٹینڈر نوٹس برائے خرید فرنیچر**

سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ میں نئے تعمیر شدہ کمیٹی روم کیلئے کانفرنس ٹیبل اور کرسیاں خرید کی جانا مطلوب ہیں۔جس کیلئے جنرل سیلز ٹیکس رجسٹرڈ فرنیچر مینوفیکچرر/شوروم مالکان وفرموں سے سنگل اسٹیج،ٹو اینویلپ (Envelope) کے طریقہ کار کے تحت درج ذیل شرائط پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ انراخ آئیٹم وائز دینا ہوں گے جو مورخہ 31 اگست 2021ء بوقت 11:00 بجے دن زیر دستخطی کے دفتر واقع سول سیکرٹریٹ چھتر دومیل وصول ہو جانے چاہیے۔ٹینڈر اسی روز بوقت 11:30 بجے دن ٹینڈر دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

نمبر شمار	تفصیل	تعدادی
01	کانفرنس ٹیبل (24ft x 5ft)	01عدد
02	کرسیاں	40عدد

شرائط:۔

-1 اشیاء مطابق نمونہ و ڈیزائن فراہم نہ کرنے کی صورت میں ٹینڈر قابل قبول نہیں ہوگا اور کامیاب ٹینڈر دہندہ کی کال ڈیپازٹ سپلائی کے بعد واگزار کی جائے گی۔

-2 ٹینڈر کے ہمراہ ٹینڈر کی مالیت/بڈ پرائس کے 3 فیصد کے برابر زرضمانت بشکل کال ڈیپازٹ بنام ڈی ڈی او محکمہ سروسز فراہم کرنا ہوگی بصورت دیگر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

-3 ٹینڈر میں رجسٹرڈ فرنیچر مینوفیکچرر/شوروم مالکان وفرمز ہی حصہ لے سکتے ہیں۔

-4 مجاز اتھارٹی ٹینڈر تحت ضابطہ (AJK-PPRA) قواعد 2017ء مسترد کرنے کی مجاز ہوگی۔

-5 سپلائر کو رقم کی ادائیگی کمیٹی کی تصدیق کے بعد دفتر ناظم اعلیٰ حسابات سے بل پاس ہونے پر کی جائے گی۔

-6 اشیاء کی خریداری میں بمطابق (PPRA) قواعد 2017ء کے تحت کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔

-7 بلات پر آزاد کشمیر میں مروجہ قواعد کے تحت جملہ ٹیکسز لاگو ہوں گے۔

-8 اشیاء/سامان کے لیے کسی قسم کی پیشگی ادائیگی عمل میں نہیں لائی جائیگی۔

-9 اشتہار ہذا AJK-PPRA Website پر موجود ہے اور (www.ajkppra.gov.pk) سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

-10 اشتہار ہذا کی بڈ ایویلیوایشن رپورٹ اور ایوارڈ آف کنٹریکٹ بھی (AJK-PPRA Website) پر اپ لوڈ کیے جائیں گے۔

-11 فرم ہا ضمانت کے طور پر ٹینڈر کے ہمراہ بیان حلفی نسبت (نان بلیک لسٹنگ،ٹیکس نادہندگان) شامل کرنے کی پابند ہوں گی۔

والسلام

13/8/2021

ڈپٹی سیکرٹری سروسز (اکاؤنٹس)
ٹیلیفون نمبر 05822-921039